نائب صدر کا دورۂ برونئی (یکم تا 3 فروری، 2016)

20 جنوری، 2016 (آئی این ایس انڈیا)

برونئی دارالسلام کے عزت مآب کراؤن پرنس کی دعوت پر معزز نائب صدر جناب ایم حامد انصاری یکم تا 3 فروری 2016 تک برونئی دارالسلام کا سرکاری دورہ کریں گے۔ 1984 میں دونوں ممالک کے درمیان سفارتی تعلقات کے قیام کے بعد یہ ہندوستان کی جانب سے پہلا اعلیٰ سطحی دورہ ہوگا۔ معزز نائب صدر کے ساتھ ایک وزیر، چار ارکان پارلیمنٹ، سینئر افسر اور میڈیا سے وابستہ افراد جائیں گے۔

ہندوستان اور برونئی کے درمیان ہمیشہ قریبی دوستانہ اور خوشگوار تعلقات رہے ہیں جن کی خصوصیت باہمی احترام اور مختلف دوطرفہ اور کثیر الجہتی مسائل پر اتفاق ہے۔ دونوں ملک صدیوں سے تاریخ، ثقافت اور روایات کے ذریعے سے منسلک ہیں۔ دوروں کے باقاعدہ تبادلے سے تعلق مزید گہرے ہوئے ہیں۔ برونئی میں ہندوستانی پیشہ ور افراد، خاص طور پر اساتذہ اور ڈاکٹروں کے لئے بہت ہم آہنگی اور احترام ہے۔

برونئی آسیان میں ہندوستان کے لئے ایک اہم شراکت دار ہے اور ہماری توانائی کے تحفظ میں شراکت کے

علاوہ یہ 10,000 ہندوستانی کمیونٹی کا میزبان بھی ہے۔

معزز نائب صدر کے برونئی سفر کے دوران عزت مآب کراؤن پرنس ان کے میزبان ہوں گے۔ معزز نائب صدر برونئی کے سلطان اور وزیر برائے امور خارجہ وتجارت کے ساتھ ملاقات کریں گے اور قانون ساز کونسل کے معزز اسپیکر سے بھی ملاقات کریں گے۔ عزت مآب نائب صدر ایک استقبالیہ تقریب میں ہندوستانی کمیونٹی سے خطاب بھی کریں گے اور برونئی دارالسلام یونیورسٹی (یو بی ڈی) میں خطاب کریں گے۔

برونئی کے رہنماؤں کے ساتھ اپنی ملاقاتوں میں عزت مآب نائب صدر شہری ہوابازی، تجارت اور سرمایہ کاری، ہائیڈروکاربن اور قدرتی گیس، معلومات اور مواصلات اور خلائی تعاون، آسیان، ای اے ایس اور دیگر کثیر جہتی فورم میں تعاون سے متعلق دوطرفہ مسائل/تعاون پر تبادلہ خیال کریں گے۔

امید ہے کہ اس سفر کے دوران صحت اور دفاعی تعاون کے میدان میں ایم اے یو پر دستخط کئے جائیں گے۔

نئی دہلی

20 جنوری، 2016